© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

- محمد اشرف صاحب مرحوم، مجلس احرارِ اسلام سیالکوٹ کے صدر، خاندانی احراری تھے، مجلس احرارِ اسلام انہیں ورثہ میں ملی، اُن کے والد چودھری علی احمد مرحوم آخری دم تک مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ رہے۔ جماعت سے اُن کی رفاقت پچاس برسوں پر محیط ہے۔ وہ جماعت سے اپنی وفاداری کا ثبوت اپنی اولاد کی صورت میں جماعت کو دے کر گئے۔ بھائی محمد اشرف مجلس احرارِ اسلام کے بے لوث اور مخلص کارکن تھے۔ طویل عرصے سے عارضۂ قلب میں مبتلا تھے لیکن جماعت کے لیے وہ ہر وقت مستعد اور فکر مند رہتے تھے، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات کو قبول فرمائے۔ اُن کے بھائیوں ارشد حسین، امجد حسین اور تمام پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)
- چودھری نیک محمد مرحوم: ملتان میں ہمارے مہربان محمد نعیم کے والد، انتقال ۳۱؍ اگست ۲۰۱۳ء
- انٹرنیشنل ختمِ نبوّت موومنٹ کے نائب امیر مرکزیہ مولانا احمد علی سراج (ڈیرہ اسمٰعیل خان) کے فرزند عبداللہ سراج، انتقال: ۲؍ستمبر ۲۰۱۳ء
- قاری سعید احمد (کمالیہ) کے والدِ گرامی مولانا حکیم محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ، انتقال: ۴؍ اگست ۲۰۱۳ء
- چیچہ وطنی 109-12L کے جناب محمد چراغ خان کی صاحبزادی اور ہمارے معاون جناب محمد سہیل مان کی ہمشیر، انتقال: ۹؍ستمبر ۲۰۱۳ء
- چیچہ وطنی میں رانا قمر الاسلام کی ممانی صاحبہ 23؍ستمبر کو انتقال فرما گئیں
- چیچہ وطنی T M A کی مسجد کے امام صاحب حافظ محمد صادق کی والدہ ماجدہ انتقال فرما گئیں۔
- والدہ مرحومہ محمد شہزاد خان: ملتان میں ہمارے کرم فرما شہزاد خان خاکوانی کی والدہ ماجدہ اور شاکر خان خاکوانی کی پھوپھی صاحبہ انتقال: ۱۸؍ستمبر ۲۰۱۳ء بروز بدھ
- مولانا قاری رشید احمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ: عبدالرحمٰن جامی نقشبندی (جلال پور پیروالہ) کے برادرِ نسبتی، قاری عبدالرحیم کے ماموں اور ہم زلف، خطیب جامع مسجد الصادق بہاول پور۔ انتقال: ۷؍ستمبر ۲۰۱۳ء
- ہمارے دیرینہ رفیق فکر محمد الیاس میراں پوری کے نومولود فرزند محمد ذوالکفل ۱۳؍ستمبر ۲۰۱۳ء کو انتقال کر گئے۔
- مرکز احرار مسجد ابوبکر صدیق تلہ گنگ کے خطیب مولانا تنویر الحسن کے تایا مرحوم: انتقال، ۲۶؍ستمبر ۲۰۱۳ء

اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے (آمین)

قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## دعائے صحت

- جناب عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم و رکن مرکزی مجلس شوریٰ۔ ان دنوں شدید علیل ہیں
- اوکاڑہ میں احرار کارکن غلام دستگیر کے والد بیمار ہیں
- حافظ محمد طارق: بہاول پور میں ہمارے مہربان اور کرم فرما، رفیقِ فکران دنوں گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں
- چودھری محمد اکرام: مجلس احرارِ اسلام لاہور کے قدیم کارکن اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن۔ گزشتہ کئی ماہ سے علیل ہیں۔
- محمد بشیر چغتائی: مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر اور مجلس احرار اسلام کے مخلص کارکن، گزشتہ تین برس سے علیل ہیں۔
- مجلس احرارِ اسلام جلال پور پیروالہ کے رکن محمد سلیم اقبال (اکاؤنٹ آڈیٹر دینی مدارس) کی والدہ محترمہ علیل ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

## حالیہ آفات حدیث پاک کی نظر میں

(1) بخاری شریف میں ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک روز جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نیند سے بیدار ہوئے تو آپ کا چہرہ مبارک سرخ تھا اور آپ عرب میں پیش آنے والی ہلاکتوں کا ذکر فرما رہے تھے، میں نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نیک لوگ ہم میں موجود ہوں گے تب بھی ہم عمومی ہلاکتوں کا شکار ہوں گے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں جب خباثتوں کی کثرت ہوگئی تو ایسا ہی ہوگا۔

(2) ترمذی شریف میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ایسا وقت آجائے کہ۔

☆غنیمت کے مال کو ہاتھوں ہاتھ لوٹا جانے لگے ☆امانت کو غنیمت سمجھ لیا جائے ☆زکوٰۃ کو تاوان اور بوجھ سمجھا جانے لگے ☆تعلیم حاصل کرنے میں دین کے مقصد کو پس پشت ڈال دیا جائے ☆خاوند اپنی بیوی کا فرمانبردار ہوجائے ☆بیٹا اپنی ماں کا نافرمان ہوجائے ☆بیٹا اپنے باپ کو خود سے دور رکھے اور دوستوں کو قریب کرے ☆مسجدوں میں شوروغل ہونے لگے ☆قبیلہ کا سردار اس کا فاسق شخص ہو ☆قوم کا لیڈر ان کا رذیل ترین آدمی بن جائے ☆کسی شخص کی عزت صرف اس کے شر سے بچنے کے لیے کی جانے لگے ☆ناچنے والیاں اور گانے بجانے کے آلات عام ہوجائیں ☆شرابیں پی جانے لگیں اور اس اُمت کے لوگ دوسرے لوگوں پر لعن طعن کرنے لگیں تو۔

پھر خدا کے عذاب کا انتظار کرو جو ☆سرخ آندھی ☆زلزلہ ☆زمین میں دھنسائے جانے ☆شکلوں کے مسخ ہونے ☆پتھر برسنے اور ایسی دیگر نشانیوں کی صورت میں ہوسکتا ہے جو اس طرح لگا تار ہوں گی جیسے کسی ہار کی ڈوری ٹوٹ جائے اور موتی پے در پے گرنا شروع ہوجائیں۔



© rasailojaraid.com